# Urdu - FSC Part 1 Urdu Chapter 1 Short Questions Online Test

Q1. دوستی میں ایک دوسرے کے لیے جان قربان کرنی پڑتی ہے اس خدشے کا اظہار کس نے کیا.

**Ans 1:** سانپ نے گدھا اور کبوتر سے کہا دوستی بڑی مشکل ہوتی ہے اس میں ایک دوسرے کو جان بھی دینی پڑتی ہے.

---

Q2. کبوتر کو انڈے دینے کے بعد کیا فکر لاحق ہوئی

**Ans 1:** کبوتر کو انڈے دینے کےبعد یہ فکر لاحق ہوئی کہ کوئی جانور اس کے انڈے نہ لے جائے

---

Q3. کبوتر اور کبوتری کیسی زندگی بسر کررہے تھے

**Ans 1:** کبوتر اور کبوتری امن اور چین کی زندگی بسر کررہے تھے

---

Q4. شکاری کا کردار کس بات کی علامت ہے.

**Ans 1:** شکاری کا کردار بیرونی دشمن اور حملہ آور کی علامت ہے

---

Q5. کبوتری کے اصرار پر کبوتر دوستی کے لیے سب سے پہلے کس کے پاس گیا.

**Ans 1:** کبوتری کے اصرار پر کبوتر دوستی کے لیے سب سے پہلے گدھوں کے جوڑے کے پاس گیا.

---

Q6. شکاری سارے دن کس کی تلاش میں مارا مارا پھر رہا تھا.

**Ans 1:** شکاری ، شکار کی تلاش میں مارا مارا پھر رہا تھا.

---

Q7. کبوتر کو کس بات کی علامت قرار دیا جاتا ہے.

**Ans 1:** کبوتر کو امن اور سلامتی کی علامت قرار دیا جاتا ہے

---

Q8. "برا وقت کسی کو بتا کرنہیں آتا" یہ بات کس نے کس کو کہی

**Ans 1:** یہ بات کبوتر نے کبوتری سے کہی

---

Q9. کبوتر کو کس بات کی علامت قرار دیا جاتا ہے.

**Ans 1:** کبوتر کو امن اور سلامتی کی علامت قرار دیا جاتا ہے

---

Q10. پڑوسیوں سے تعلقات کی نوعیت کیسی ہونی چاہیے.

**Ans 1:** پڑوسیوں سے اپنے سگوں جیسے تلقات استوار کرنا چاہیں.

---